305737.138	2752641.271
305695.675	2752650.373
305653.154	2752660.818
305641.188	2752689.278
305615.476	2752699.079
305609.299	2752702.025
305597.172	2752717.389
305588.631	2752746.295
305573.442	2752799.257
305562.943	2752833.453
305557.202	2752853.887
305549.977	2752877.735
305539.479	2752913.741
305525.913	2752959.557
305522.427	2752974.016
305535.301	2753027.435
305545.555	2753065.994
305543.951	2753084.360
305573.138	2753115.761
305576.749	2753159.990
305582.179	2753207.453
305587.272	2753237.803
305591.224	2753266.852
305594.522	2753292.624
305635.406	2753303.716
305630.493	2753324.760
305625.252	2753349.244

DIRECTOR LAND
Karachi Metropolitan Corporation

For Shehri-CBE
Amber Alibhai
Gen Secy
3-3-2020

03/03/2020
Assistant Commissioner &
Special Magistrate Ferozabad
Karachi East





کراچی اور سندھ اربن اینڈ ریجنل ماسٹر پلان اتھارٹی
ایکٹ ۔ 2019 (Surmpa-2019)

دانش آذر زوبی

وہ لوگ جنھوں نے گذشتہ پانچ دہائیوں کے دوران کراچی کی پرآشوب اور دلخراش تاریخ کا مشاہدہ کیا ہے، اچھی طرح جانتے ہیں کہ مختلف سیاسی ادوار میں کراچی کے ساتھ سونے کے انڈے دینے والی مرغی کا سلوک کیا گیا ہے جسے متواتر ذبح کیا گیا اور پھر اسے اگلے حکمرانوں کے لیے سسکتا چھوڑ دیا گیا لیکن کراچی حکمرانوں کے ظالمانہ سلوک کے باوجود اپنی بقاء کی جنگ لڑتا رہا ہے۔ ہماری سوچ ابھی تک بہت زیادہ نوآبادیاتی ہے شاید یہ ہماری سرشت میں ہی نہیں ہے کہ ہم اختیارات کو نچلی سطح تک تفویض کریں خاص طور پر اس وقت جب اس کا تعلق مالی مفادات سے ہو۔ وفاقی اور صوبائی حکمرانوں کے لیے یہ بہت مشکل ہوجاتا ہے کہ وہ اس شہر کی حکومت اور اختیار اپنے ہاتھوں سے نکلنے دیں۔

کراچی کے لیے سندھ اربن اینڈ ریجنل ماسٹر پلان اتھارٹی (Surmpa-2019) سابقہ ایسی ہی متعدد ایجنسیوں اور اداروں کی طرح ہے جنھوں نے کراچی کے لوگوں کی مشکلات میں اضافہ ہی کیا ہے کیونکہ اس کا زمینی حقائق سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔ کراچی کے لیے متعدد ماسٹر پلان اور اس سے متعلق بل بنائے گئے جن میں سے صرف ایک میونسپل سٹی گورنمنٹ نے 2006ء میں تخلیق کیا۔ جس میں اختیارات اور حکمرانی کو مقامی سطح تک منتقل کرنے کی سنجیدہ کوشش کی گئی لیکن بدقسمتی سے یہ منصوبہ بھی ناکامی سے دوچار ہوگیا۔ کراچی 2020ء کے لیے ایک منصوبہ بنایا گیا جو صرف کاغذوں تک محدود رہا کیونکہ نئی صوبائی حکومت ابھی تک کراچی کے لیے نئے منصوبے بنا رہی ہے۔

اس حقیقت کو دُہرانے کی ضرورت نہیں ہے کہ کراچی جو معاشی دارالحکومت، دنیا سے رابطے کا ذریعہ اور معاشی اور پیداواری بڑھوتری کا انجن ہے اور وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو رواں دواں رکھنے میں اپنا سب سے زیادہ حصہ ڈالتا ہے، کراچی وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرتا ہے لیکن اس کو اس کی ضرورت کے لیے مناسب فنڈز فراہم نہیں کئے جاتے۔ کراچی ہر سال ذریعہ معاش کی تلاش میں آنے والے لاکھوں لوگوں کو پناہ دیتا ہے۔ ایک مثالی سیاسی نظام میں اسے ایک معاشی جنت میں تبدیل ہوجانا چاہیے تھا لیکن بدقسمتی سے یہ سیاسی خلفشار کی جگہ اور جنگ وجدال کا میدان بنا رہا ہے۔ مرکزیت کی حامی اسٹیبلشمنٹ کی نوآبادیاتی فطرت، پسماندہ صوبائی نظام، بدعنوان انتظامیہ اور مقامی حکومت کی مکمل عدم موجودگی نے کبھی 'روشنیوں کا شہر' کی شہرت رکھنے والے شہر کو دنیا کے سب سے زیادہ ناقابل رہائش شہروں میں سے ایک کی حیثیت میں تبدیل کردیا ہے۔

یہاں کوئی منصوبہ کامیاب کیوں نہیں ہوتا

المیہ یہ ہے کہ ہم سب جانتے ہیں کہ کراچی ایک عام شہر کی طرح کیوں نہیں ہے۔ کیوں کوئی چیز کام نہیں کرتی، کیوں کوئی منصوبہ بندی کامیاب نہیں ہوتی؟ یہ ایک عام فہم بات ہے کہ اس کی راہ میں ایک سب سے بڑی رکاوٹ شہر کی سیاسی تقسیم اور پارہ پارہ یکجہتی ہے۔ یہاں درجنوں آزاد، خودمختار، وفاقی، فوجی اور صوبائی ادارے، سوسائٹیاں، جو کراچی کی اراضی کی مالک ہیں اور شہری حدود میں اپنے ہی منفرد قواعد وضوابط اور ذیلی قوانین کے تحت کام کرتی ہیں جو بسا اوقات ایک دوسرے سے متصادم ہوتے ہیں۔ اداروں کے درمیان کسی بھی قسم کی کوئی ہم آہنگی نہیں ہے۔ ہم اس امر سے بھی بخوبی آگاہ ہیں کہ کوئی بھی شہر نظام کے ناگزیر تیسرے درجے۔ مقامی حکومت۔ کے بغیر کام نہیں کرسکتا جو یہاں تقریباً ناپید ہے۔ صوبائی حکومت تقریباً تمام سہولیات اور میونسپل ذمہ داریوں کو اس مقامی حصے سے لے چکی ہے متعدد ایسے آزاد ادارے تخلیق کردیئے گئے ہیں جو صرف صوبائی حکومت کو جوابدہ ہیں۔

مقامی حکومت

گذشتہ کئی دہائیوں سے کراچی کے لیے حکومتی مشینری کی ازسرنو تشکیل کی تجاویز متواتر سامنے آتی رہی ہیں جس کی بنیاد نچلی ترین سطح 'میونسپل گورنمنٹ' نمونے پر ہو جس میں متعدد آزاد اور بااختیار میونسپل یونٹس ہوں، خواہ عظیم تر کراچی کے لیے 30 یونٹس کے 30 میٹر تک ہی کیوں نہ بنانا پڑیں، جن کی سربراہی ایک لارڈ میئر کرتا ہو جس کے ماتحت تمام شہری سہولیات اور ٹیکسیشن کی ذمہ داریاں، تعلیم، اسپتال، سڑکیں، بندرگاہ، پانی اور سیوریج، پولیس، عدلیہ (مقامی سطح پر)، ٹرانسپورٹ، بجلی، گیس، ماحولیات، منصوبہ بندی وغیرہ ہوں۔ اس نظریہ کے تحت اراضی کے مالک تمام آزاد ادارے اور عوامی سہولیات ایک چھت، ایک واحد خودمختار ادارہ بشمول پورٹ ٹرسٹ اور کنٹونمنٹ بورڈز، کے ماتحت آجائیں گی۔ چھوٹے قابل انتظام میونسپل یونٹس باقاعدہ اختیارات کے ساتھ مؤثر مقامی حکومت، میں کراچی کی یہ تنظیم نو جس کی سربراہی ایک واحد مقامی ادارہ کرتا ہو، شاید کراچی کے مسائل کا واحد حل ہے۔ کیا Surmpa-2019 کا ہدف ایسا انتظام ہے؟ اس میں شکوک وشبہات پائے جاتے ہیں۔

کراچی کے سابقہ ماسٹر پلان

تمام سیاسی منشوروں میں بیان کیا جاتا ہے کہ ملک کی سماجی۔ اقتصادی ترقی کا انحصار سیاسی استحکام اور اچھی حکمرانی پر ہے۔ لیکن یہ مقصد اس وقت تک حاصل نہیں کیا جاسکتا جب تک نظام کے تیسرے درجے، مقامی حکومت، کا وجود نہ ہو۔ پاکستان پیپلزپارٹی نے اپنے 1993ء کے انتخابی منشور میں یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ مؤثر اور جمہوری مقامی حکومت کے ادارے قائم کرے گی لیکن ایسا کبھی نہیں ہوا۔ 1996ء میں صوبائی حکومت نے کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کو تحلیل کردیا اور اس

کے بجائے 6 مقامی کونسلوں کی تخلیق کا اعلان کیا۔ چھ کونسلوں میں کے ایم سی اور پانچ ضلعی میونسپل کارپوریشنیں ضلع شرقی، ضلع وسطی، ضلع جنوبی اور ضلع ملیر کے لیے شامل ہیں۔ یہ کونسلیں سندھ لوکل گورنمنٹ (ترمیمی) ایکٹ۔1996ء کے قواعد کے تحت وجود میں آئیں۔حکومت نے ان چھ کونسلوں کے لیے ایڈمنسٹریٹر بھی نامزد کئے۔تاہم 2001ء میں دوبارہ ایس ایل جی او نے ان چھ کونسلوں کو توڑ دیا اور 18 ٹاؤن میونسپل دفاتر اور 178 یونین کونسلیں بنادی گئیں۔ ہر آنے والے نئے حکمرانوں نے اپنی منشاء کے مطابق کراچی کے مسائل کے حل کے لیے نئے منصوبے تجویز کیے لیکن اس میں کبھی کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔

کراچی کے لیے ماسٹر پلانوں کی تاریخ خاصی گنجلک ہے اور 60 سال قبل تک جاتی ہے۔ ذیل میں مختلف ماسٹر پلانوں کی ایک فہرست دی جارہی ہے جو کبھی بھی پایۂ تکمیل نہیں پہنچ پائے۔

1۔ عظیم تر کراچی منصوبہ (جی کے پی) 1951ء
2۔ عظیم تر کراچی دوبارہ آبادکاری منصوبہ (جی کے آر پی) 1958۔
3۔ کراچی ترقیاتی منصوبہ (کے ڈی پی) 1969۔
4۔ کراچی ترقیاتی منصوبہ (کے ڈی پی) 1973-85۔
5۔ کراچی ترقیاتی منصوبہ (کے ڈی پی) 1986-2000۔
6۔ کراچی حکمت عملی ترقیاتی منصوبہ 2020ء (کے ایس ڈی پی۔2020) 2006-2020ء

ان منصوبوں کے نفاذ سے متعلق آگہی فراہم کرنے کے لیے کسی بھی قسم کا ادارہ جاتی انتظام موجود نہیں ہے۔سابقہ شہری منصوبہ بندی کے طریق کار کا جائزہ مفید ثابت ہوسکتا ہے لیکن منصوبہ بندی میں عام طور پر نئی شروعات کرنے کو ترجیح دی جاتی ہے۔ارتقائی عمل پر کبھی غور نہیں کیا جاتا اور ماضی میں بنائے گئے کسی بھی منصوبے کی کارکردگی کا جائزہ نہیں لیا جاتا۔کراچی کے لیے بنائے گئے تمام منصوبے کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی (کے ڈی اے جو اب مفلوج ہے) کی زیرنگرانی بنائے گئے جس کا شہر میں موجود 19 اور دیگر اراضی کی ترقیات کے اداروں پر کوئی اختیار نہیں ہے اس لیے منصوبوں پر عملدرآمد کرانے کی کے ڈی اے کی استعداد زیادہ تر نہ ہونے کے برابر ہے۔منصوبہ بندی کے طریقہ کار کو ایک پسماندہ اور حاصل تفریق مشق تک محدود کردیا گیا ہے جو صرف عطیہ کنندگان یا اقوام متحدہ کے اداروں کی ہدایات کے مطابق ہی کی جاتی ہے ('کراچی۔بغیر ایک ماسٹر پلان' نعمان احمد۔روزنامہ ڈان دسمبر 2002)۔

اس لیے Surmpa-2019 کی ضروری تفصیلات کا مطالعہ کراچی کے لیے ایک ماسٹر پلان متعارف کرانے کی ایسی ہی سابقہ کوششوں کی روشنی میں کیا جاتا ہے۔

درحقیقت حکومت کے لیے یہ مصلحت اندیشی پر مبنی ہوگا کہ وہ مقامی شہری منصوبہ ساز اور ماہرین پر مشتمل ایک علیحدہ ٹاسک فورس بنائے جو اس مضمون کو آخری شکل دینے کے لیے پہلے تمام سابقہ ماسٹر پلانوں کا باریک بینی سے مطالعہ کرے۔حالانکہ اس بل کو قانونی حیثیت حاصل ہے لیکن اس میں عمومی ہدایات دی گئی ہیں کہ کراچی شہر کے لے مستقبل کی منصوبہ بندی کیسے کی جانی چاہیے۔

کچھ مشاہدات اور خدشات

Surmpa-2019 پر ایک اجمالی نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ شہر کی حدود میں کنٹونمنٹ بورڈز کی منصوبہ بندی اس ایکٹ کے تحت کی جائے گی لیکن اسی لمحے کنٹونمنٹ بورڈز کو اس کے دائرہ اختیار سے علیحدہ کردیا گیا ہے اس کی مزید تفصیلات درکار ہیں کیا ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کی سوسائٹیوں کی خودمختار اشرافیہ بھی اس کے دائرہ اختیار سے باہر ہے کیونکہ وہ بھی ملٹری اسٹیبلشمنٹ کا حصہ ہیں؟اس سے کراچی کی اجتماعی منصوبہ بندی کو دھچکا لگ سکتا ہے۔

پارٹ 1: (4) کنٹونمنٹ بورڈز کے وہ علاقے جو دفاعی مقاصد کے لیے مختص ہوں گے اس ایکٹ کے دائرہ اختیار سے ماورا ہوں گے۔تمام اراضی کے حامل اداروں بشمول کنٹونمنٹ بورڈز کے چھوٹے اور بڑے ترقیاتی منصوبے اس علاقے کے ماسٹر پلاننگ طریق کار میں شامل ہوں گے۔

باب 2: 7(1) شہر میں ہر ممکنہ شہری خدمت اور سہولیات اور اراضی کے استعمال پر اختیار کی فہرست دی گئی ہے۔فہرست بہت مفصل ہے لیکن یہ خدمات کیسے Surmpa میں ضم ہوسکیں گی۔ یہ اچھا معلوم ہوتا ہے لیکن یہ متحدہ طریق کار کا نقشہ نہیں کھینچتا۔اس کے مقاصد کیسے حاصل کیے جاسکتے ہیں جب کہ کچھ شہری خدمات کو فروخت کیا جاچکا ہے مثلاً کراچی الیکٹرک۔کیا اس عوامی خدمت کو دوبارہ خریدا جائے گا؟

شق 13: (D) کراچی سٹی پلان 2047 تخلیق کرنے سے متعلق ہے کیا اس سلسلے میں Surmpa کے ڈی اے، کے بی سی اے یا ایس بی سی اے کو نئی زندگی دے گا یا اپنی ماتحتی میں ایک نیا منصوبہ بندی ڈپارٹمنٹ تخلیق کرے گا یا پھر اس بڑے مقصد کے لیے غیر ملکی مشیروں کی خدمات حاصل کرے گا؟

شق 13 : (D) میں شہروں کی حالیہ اور مستقبل کی ضروریات کے مطابق ایک شہری اور ریجنل ماسٹر پلاننگ پروسس کا آغاز کیا گیا ہے۔

شق 13: (J) میں قلیل کاربن اور آلودگی سے آزاد ماحول کا ذکر کیا گیا ہے یہ یقینی طور پر صحیح سمت میں ایک قدم ہے۔آج کل دنیا بھر میں تمام بڑے بڑے شہر اپنی تمام منصوبہ بندی کی حکمت عملی ماحول دوست پالیسیوں کے تحت کررہے ہیں وہ اپنی ماحول دوست پالیسیوں کے ذریعہ قلیل مقدار میں کاربن استعمال کرنے والی ٹیکنالونی اپنارہے ہیں، شہری جنگلات متعارف کرارہے ہیں اور آلودگی سے پاک پیدل چلنے والے 'کار فری' زون/ علاقے وغیرہ بنارہے ہیں۔

شق 13: (J) میں ایسے طریقوں کے نفاذ کو یقینی بنایا گیا ہے جو کم کاربن پیدا کرنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں اور آلودگی کو کم کرتی ہیں اور زراعت، کان کنی، صنعت اور دیگر متعلقہ سرگرمیوں میں قدرتی ذرائع کے استحصال کو روکتی ہیں اور ان کے انسانی آبادیوں پر پڑنے والے منفی اثرات کو کم کرتی ہیں۔

شق 13: (S) اور 50 (2) Surmpa کی سب سے زیادہ چونکا دینے والی شقیں ہیں جو اراضی کے استعمال سے متعلق ہیں۔ تمام سیاسی جماعتوں کے سیاستدان 'اراضی کے استعمال میں تبدیل' کے اس قانون کو اپنے ذاتی مفادات کے لیے بے دریغ استعمال کرتے ہیں۔ کراچی میں رفاہی پلاٹوں کو تبدیل کر کے ان پر تجارتی اور رہائشی تعمیرات کھڑی کرنے کی ایک طویل تاریخ ہے۔ مفاد پرست سیاستدانوں اور اداروں نے رفاہی پلاٹوں اور پارکوں کی سینکڑوں ایکڑ اراضی کو ہڑپ کرلیا ہے۔ کیا اس خطرناک رجحان کو روکنے کے لیے کوئی میکنزم ہے۔ شق 13 (S) کسی بھی علاقے کی اراضی کے استعمال میں تبدیل کا فیصلہ کرتا ہے۔

(2) ادارہ یا ہاؤسنگ سوسائٹی سب سیکشن (1) میں درج کئے گئے مقصد کے لیے مخصوص کسی بھی پلاٹ کو اپنی مرضی کے استعمال کے لیے کمشنر کو ایسے پلاٹ کی دیگر مقصد کے لیے تبدیلی کے لیے درخواست دے سکتے ہیں؟

جز (3) مالیات (2) اور (3) کے ایم سی سے متعلق ہیں کہ جیسے وہ اب بھی موجود ہے لیکن اس کی حیثیت جائیداد ٹیکس اکٹھا کرنے کی ہے۔ کراچی میں جائیداد کی ملکیت اور اس پر ٹیکس کی کے ایم سی اور صوبائی / وفاقی اداروں کے درمیان تقسیم غیر واضح ہے۔ جو بات سب کو معلوم ہے وہ یہ ہے کہ تمام سابقہ حکمرانوں نے کے ایم سی سے تمام اختیارات لے لیے ہیں سوائے سڑکوں کے۔ حتیٰ کہ موٹر وہیکل ٹیکس بھی کے ایم سی سے لے لیا گیا ہے۔

(2) میونسپل کارپوریشن پراپرٹی ٹیکس کی مد میں ہر سال دی گئی ایک مخصوص تاریخ تک مخصوص رقم جمع کر کے دے گی جو حکومت نے گذشتہ مالی سال میں حکومت نے مقرر کی تھی۔

شق 26 (C) میں تعمیرات میں ڈیزائن کے معیار برقرار رکھنے کے لیے رہنما خطوط دیئے گئے ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس شق کا واضح مطلب ہے کہ کے بی سی اے / ایس بی سی اے منصوبہ بندی کا محکمہ Surmpa کا ایک لازمی حصہ ہوگا اور ان کی کوئی آزاد حیثیت نہیں ہوگی۔ 26 (C) میں مکانوں، فلیٹوں اور دیگر رہائشی اقسام کی عمارتوں اور صنعتی، تجارتی اور کمیونٹی سہولیات کے لیے دیگر عمارات کے ڈیزائن اور نقشہ بندی کی وضاحت کی گئی ہے۔

شق 32 (2) میں ڈریکونین قانون کی گونج سنائی دیتی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اتھارٹی کسی بھی نجی جائیداد کو حاصل کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

شق 32: (2) کے مطابق اتھارٹی کی رائے میں اگر اس کے کام کے لیے کوئی اراضی ضروری ہے تو وہ اسے حاصل کرسکتی ہے۔

شق 36 اور 37 شہر کے مستقبل کے پھیلاؤ اور درجہ بندی سے متعلق ہے جو اس بات کا اشارہ ہے کہ Surmpa ایک علیحدہ سے ایک منصوبہ بندی کا محکمہ بنانا چاہتا ہے یا کے بی سی اے کو اپنے اندر ضم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

شق 38 تاریخی ورثہ کی حامل عمارات سے متعلق ہے اور یہ ایک اچھی بات ہے کہ بالآخر کراچی میں ثقافتی ورثہ کی حامل عمارات کو باقاعدہ طور پر تحفظ حاصل ہوگیا ہے اس شق میں درج نکات بل میں ایک اچھا اضافہ ہیں اگر یہ قانون بن سکتے ہیں اور انہیں نافذ بھی کیا جاسکتا ہو۔

شق 38 ثقافتی ورثہ کے تحفظ کی ضمانت دیتی ہے اور انہیں دوبارہ استعمال کرنے کے طریقوں کی بھی ضمانت دیتی ہے۔ ثقافتی ورثہ کی بحالی کے لیے رہنمائی اور مالی ذرائع فراہم کئے جائیں گے۔ پیدل چلنے والے علاقوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور ماحولیات کی بہتری کو یقینی بنانے کے لیے شجرکاری کو بڑھاوا دیا جائے گا۔

سیکشن 53 ان مخصوص مسائل کو اجاگر کرتا ہے جو ہمیشہ سے کراچی کو مشکلات میں مبتلا کرتے ہیں مثلاً مختلف خود مختار اداروں مثلاً کنٹونمنٹ بورڈز اور کراچی پورٹ ٹرسٹ وغیرہ کے درمیان ہم آہنگی Surmpa اور کے ایم سی کیسے اس چکر میں اپنی جگہ بنا پاتے ہیں۔

سیکشن 56 میں وضاحت کی گئی ہے کہ کیوں اتھارٹی کو کسی بھی اسٹریٹ یا عوامی جگہ کو بند کرنا چاہیے۔ یہ شق پھر Surmpa کو عوام کی آراء جانے بغیر اراضی کے استعمال کو اپنی منشاء کے مطابق تبدیل کرسکتی ہے۔

سیکشن 56 میں کسی بھی اسٹریٹ یا عوامی جگہ تبدیل کرنے یا بند کرنے کا اتھارٹی کو دیا گیا اختیار تباہ کن ہے: (ب) کسی بھی عوامی جگہ کا عوامی استعمال روکنا یا مستقل بند کرنا اسے ضائع کرنے کے مترادف ہے۔

گہرائی میں مطالعہ

Surmpa پر مختصر نظر ڈالتے ہوئے یہ چند مشاہدات ہیں جو پیش کئے گئے ہم دوبارہ اس بات پر زور دیں گے کہ ماہرین کے ایک گروپ کو جو کراچی کے مسائل کے بارے میں خصوصی مہارت رکھتے ہیں، گہرائی میں مطالعہ کرنے کے لیے مقرر کیا جانا چاہیے۔ اس سلسلے میں پہلا نام جو ذہن میں آتا ہے وہ عارف حسن کا ہے جو کراچی کی تاریخ کا غیر متنازعہ چیمپئن ہے اور کراچی کے بارے میں ایک چلتا پھرتا انسائیکلوپیڈیا ہے۔ Surmpa کو آخری شکل دینے سے پہلے مندرجہ بالا تجویز پر عمل کرنا ناگزیر ہے۔

کراچی کو 'منی پاکستان' کہا جاتا ہے۔ یہ دنیا کے 65 ممالک سے بڑا ہے اس کی آبادی براعظم آسٹریلیا سے زیادہ ہے لیکن اس کے باوجود کراچی والوں کی کراچی کی حکمرانی یا صوبہ سندھ یا وفاق میں کوئی نمائندگی نہیں ہے حکمران جو کراچی کے لیے قانون سازی کرتے ہیں سندھ کے عوام سے بھی تعلق نہیں رکھتے ہیں وہ مٹھی بھر جاگیردار ہیں جو بمشکل ہی کوئی ٹیکس ادا کرتے ہیں اور انہیں مرکزی اور صوبائی حکومتوں کی طرف سے مراعات دی جاتی ہیں۔ کراچی صوبائی حکومت کا دارالخلافہ ہے اور پارلیمان کے ارکان کے ذریعہ اس پر حکومت کی جاتی ہے جو کبھی کراچی میں نہیں رہتے۔

کراچی کے لیے بوجھ اور قانونی جواز اور ایک شہری حکومت کے تحت اس کی یکجہتی ایک ضرورت ہے بصورت دیگر کراچی دیہی سندھ کی کالونی بنا رہے گا سماجی انصاف کے مطابق یہ شدید ناانصافی ہے کہ کراچی جو مرکزی اور صوبائی حکومتوں کو سب سے زیادہ فنڈز مہیا کرتا ہے اور سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرتا ہے، اس کی آبادی مصائب میں مبتلا رہے۔

کراچی بریز بی آر ٹی پروجیکٹ میں ٹرانزٹ اورینٹڈ ڈیولپمنٹ (TOD) کے لیے جگہ بنائیے

یہ ایک گھمبیر مسئلہ ہے کہ کراچی بی آر ٹی پروجیکٹ کی شہر کے بڑھتے ہوئے پھیلاؤ اور بڑے پیمانے پر رہائش کی بہتری کے مقاصد پر توجہ دیئے بغیر منصوبہ بندی کی گئی ہے توجہ صرف اس امر پر دی گئی ہے کہ لوگوں کو پوائنٹ A سے پوائنٹ Z تک لے جانا ہے جب کہ تمام بی آر ٹی لائنوں (ماسوا سرخ اور زرد لائن کے) کے کیس میں وسیع عوامی جگہ کا ایجنڈا، اراضی کے استعمال کا نفاذ اور متعلقہ سماجی، اقتصادی اور ماحولیاتی بہتری پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے تھی جو کہ اس پروجیکٹ میں شہر کے وسیع پیمانے کی بنیاد پر مفقود ہے۔ حتیٰ کہ سرخ اور زرد بی آر ٹی لائنوں کی تفصیلات میں ایک بڑا ڈیزائن مثلاً TOD غائب نظر آتا ہے۔ یہاں وسعت نظر کا طریقہ اپنانا چاہیے جس میں تمام متعلقہ فریقوں کو نظریہ اور اسٹرکچر دونوں پر متفق کرنے کے لیے شریک کرنا چاہیے۔ تاہم ابھی تک ٹرانس کراچی بریز پروجیکٹ کے بارے میں عوامی آراء کو اہمیت دینے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے جو پروجیکٹ کے بارے میں اپنے تصور کو اجاگر کر سکے اور نہ ہی عوامی حمایت کی حامل ایک مرکزی لیڈرشپ کو ابھارا گیا ہے۔

(لہٰذا یہ امر تشویش کا باعث ہے کہ اہم ترین معاملات میں مشاورت مفقود ہے مثلاً وسیع پیمانے پر فریقین کا تصور اور طریقہ کار پر اتفاق، ڈیزائن میں مطابقت، آپریشنل اور مالیاتی نمونے اور وسیع تر شہری بنیاد سے منسلک سماجی، ماحولیاتی اور اقتصادی ایجنڈا پروجیکٹ میں کہیں نظر نہیں آتے۔ ان تمام باتوں کے پیش نظر یہ کوئی حیرت انگیز انکشاف نہیں ہے کہ TOD کے لیے غور کراچی بی آر ٹی پروجیکٹ کا حصہ نہیں ہے۔ تاہم اس اختتامی مرحلے پر بھی ایسا محسوس کیا جاتا ہے کہ اگر اب بھی حکومت کچھ مخصوص اسٹیشنوں کی حد تک کراچی بی آر ٹی پروجیکٹ میں TOD اسٹیشن علاقوں کے ڈیزائنوں کو شامل کرنے کا فیصلہ کرلے تو پروجیکٹ مزید بہتر ہو سکتا ہے اور اس کے مفید نتائج برآمد ہوں گے۔



Karachi Breeze *https://www.karachibreeze.pk/smta/*
Karachi Breeze is a high-quality bus-based mass transit system able to move large numbers of people from their starting point to their destination, reliably, efficiently and affordably.

گرین لائن ۔ ممکنہ TOD اسٹیشن علاقے

گرین لائن کا شروعاتی علاقہ کراچی الیکٹرک پاور ہاؤس سے جو سرجانی ٹاؤن کی طرف جاتا ہے جہاں سے یہ جنوب کی سمت خواجہ شمس الدین عظیمی روڈ کے ذریعہ ناگن چورنگی تک جاتا ہے۔ ناگن چورنگی سے یہ شاہراہ شیر شاہ سوری کے ساتھ چلتا ہوا نواب صدیق علی خان پر آتا ہے پھر ناظم آباد پیٹرول پمپ انٹرسیکشن سے گذرتا ہوا لسبیلہ چوک کی طرف جاتا ہے۔ لسبیلہ چوک پر روٹ جنوب مشرق کی سمت مڑتے ہوئے بزنس ریکارڈ روڈ پر آتا ہے اور گرومندر تک چلا جاتا ہے۔ گرومندر چورنگی سے گرین لائن روٹ جنوب مغربی سمت مڑتے ہوئے ایم اے جناح روڈ پر آتا ہے۔ مغرب کی سمت روٹ نمائش کو پار کرتے ہوئے میونسپل پارک (جو اورنگ زیب پارک کے نام سے بھی جانا جاتا ہے) تک پہنچتا ہے۔

گرین لائن روٹ سرجانی ٹاؤن میں واقع اپنے شروعاتی مرکز سے نمائش اسکوائر تک جاتا ہے جہاں تمام بی آر ٹی روٹ اکٹھا ہوتے ہوتے ہیں۔ نمائش سے میونسپل پارک تک اور اس کے آگے روٹ کا من کوریڈور کے نام سے جانا جاتا ہے اور بسیں زمینی سطح پر چلتی ہیں۔ یہ فیصلہ اس بنیاد پر کیا گیا کہ ایم اے جناح روڈ کے ساتھ ساتھ متعدد ثقافتی اور تاریخی ورثہ کی حامل عمارتیں واقع ہیں اور بسوں کے لیے اوپر روٹ بنانے سے نہ صرف ان عمارت کو نقصان پہنچ سکتا ہے بلکہ ان عمارتوں کا نظارہ بھی متاثر ہو سکتا ہے۔

گرین لائن روٹ پر دو اسٹیشن ایسے ہیں جن پر ممکنہ طور پر TOD اسٹیشن علاقے کی حیثیت سے ترقی دی جاسکتی ہے:

- میونسپل پارک اسٹیشن
- حیدری مارکیٹ اسٹیشن

Corridor Length 17.8 km
Elevated 3.45 km At grade 14.35 km
No. of Stations: 21



میونسپل پارک اسٹیشن

میونسپل پارک اسٹیشن ایک مثالی جگہ پر واقع ہے جہاں TOD اسٹیشن علاقہ ڈیزائن کیا جاسکتا ہے۔ یہ اسٹیشن پرانے کراچی کا احاطہ کرتا ہے اور پرانے کراچی کی کشش اپنی طرف راغب کرتی ہے یہاں ثقافتی ورثے کی حامل عمارات مثلاً کے ایم سی ہیڈ آفس، سٹی کورٹ، ہندو مندر، اردو بازار، ریڈیو پاکستان، جامع کلاتھ مارکیٹ، برنس روڈ فوڈ اسٹریٹ، پاکستان چوک، این ای ڈی یونیورسٹی سٹی کیمپس وغیرہ موجود ہیں۔ ڈیزائن کے کلیدی عناصر میں پیدل چلنے کی سہولت میں بہتری اور دیگر سہولیات میں بہتری کی چیزیں شامل کی جاسکتی ہیں۔ ڈیزائن میں ان تبدیلیوں کو شامل کر کے اقتصادی، سماجی اور ماحولیاتی بہتری کے مقاصد حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ اس سے رسائی میں بہتری پیدا ہوگی اور صاف تر ماحول، اقتصادی بڑھوتری اور عوامی جگہوں کی تخلیق کی طرف رہنمائی میں مدد ملے گی۔ مثلاً اسٹریٹ کو عوامی جگہ بنانے سے عمارتیں عظیم تر سماجی سرمایہ بن سکتی ہیں اور کمیونٹی کی یکجہتی بڑھانے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ مزید برآں اس سے علاقے کے تحفظ میں بھی بہتری آئے گی اور نئے کاروبار اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ ثقافتی ورثہ کی حامل عمارتیں جو معدومیت کے خطرے سے دوچار ہیں، ان کو تحفظ دیا جاسکتا ہے اور ان کی تجدید نو کی جاسکتی ہے۔

حیدری مارکیٹ اسٹیشن

حیدری مارکیٹ اسٹیشن پر تجارتی نقطہ نظر سے TOD اسٹیشن علاقہ ڈیزائن کیا جاسکتا ہے۔ آج کل مارکیٹ کی جگہوں کو صحت مند اور متحرک عوامی جگہوں کی حیثیت سے بڑھاوا دیا جارہا ہے۔ دنیا کے بیشتر شہروں کی طرح کراچی میں بھی مارکیٹوں اور بازاروں کی ایک تاریخی اہمیت ہے اور مال کلچر کے بڑھتے ہوئے رجحان سے سماجی میل ملاپ کی ان عوامی جگہوں کو شدید خطرہ ہے۔ واضح رہے کہ شاپنگ مالوں میں صفائی، آلودگی، رسائی، پیدل چلنے کی سہولت کا فقدان اور تحفظ کے مسائل ہیں ایسے تمام خدشات کو TOD اسٹیشن علاقے ڈیزائن کر کے دور کیا جاسکتا ہے۔ اس سے مارکیٹ تک رسائی میں بہتری آئے گی مزید برآں اس سے حیدری مارکیٹ کی ایک بہتر اور مفید عوامی جگہ کی حیثیت سے تجدید نو کی جاسکتی ہے مزید برآں اس کے اقتصادی، سماجی اور ماحولیاتی فوائد بھی ہوں گے۔

سرخ لائن - ممکنہ TOD اسٹیشن علاقے

سرخ لائن روٹ مشرق سے مغرب کی سمت واقع ہے اس کی لمبائی 23 کلومیٹر سے زائد ہے جو ایم اے جناح روڈ، یونیورسٹی روڈ (ملیر کنٹونمنٹ لنک روڈ) اور ایم اے جناح ایونیو، جو کراچی کے شمال مشرقی سیکٹر میں واقع ہے، تک جاتا ہے۔ یہ کراچی کے ضلع وسطی اور ضلع شرقی اور ملیر کنٹونمنٹ، خاص طور پر ضلع شرقی کے جمشید ٹاؤن اور گلشن اقبال ٹاؤن اور ضلع وسطی کے لیاقت آباد ٹاؤن اور گلبرگ ٹاؤن سے گزرتا ہے۔ سرخ لائن پروجیکٹ مشرق سے مغرب کی سمت سیدھ میں واقع ہے اس کی کل لمبائی 23 کلومیٹر سے زائد ہے اور یہ نیو ایم اے جناح روڈ سے شروع ہو کر یونیورسٹی روڈ (ملیر کنٹونمنٹ لنک روڈ) سے گزرتا ہوا کراچی کے شمالی مشرقی سیکٹر میں واقع ایم اے جناح ایونیو تک جاتا ہے۔ سرخ لائن روٹ کراچی کے انتظامی اضلاع وسطع اور شرقی اور ملیر کنٹونمنٹ، خاص طور پر ضلع شرقی کراچی کے جمشید ٹاؤن اور گلشن اقبال ٹاؤن اور ضلع وسطی کراچی کے لیاقت آباد ٹاؤن اور گلبرگ ٹاؤن سے گزرتا ہے۔ مشرق کی سمت روٹ جنوب کی سمت مڑتا ہے جہاں یہ گلستانِ جوہر کے بلاک 6 سے ہوتا ہوا ایم اے جناح ایونیو اور شاہراہِ فیصل کے انٹرسیکشن کے نزدیک واقع ایک پلاٹ پر ختم ہوتا ہے۔

سرخ لائن پروجیکٹ میں دو ایسے اسٹیشن کی نشاندہی کی گئی ہے جنہیں TOD اسٹیشن علاقے کی حیثیت سے ترقی دی جاسکتی ہے۔

- گلشن اقبال اسٹیشن (مسجد بیت المکرّم)
- کراچی یونیورسٹی اسٹیشن

گلشن اقبال اسٹیشن

اس اسٹیشن کو قرب و جوار اسٹیشن علاقے کی حیثیت سے ڈیزائن کیا جاسکتا ہے گلشن اقبال میں جدید علاقہ ڈیزائن کر کے اس سے علاقے کے لوگوں کو سہولیات فراہم کرنے کا موقع ملے گا۔ جدید علاقہ ڈیزائن کر کے اس سے فوائد تب ہی حاصل کیے جاسکتے ہیں جب اس میں پیدل چلنے میں بہتری، سائیکل چلانے، طلب کے مطابق ٹرانسپورٹ اور پارکنگ کا انتظام شامل کرلیا جائے۔ پیدل چلنے اور سائیکل چلانے کے روٹ ڈیزائن کیے جاسکتے ہیں (پبلک سائیکل اسٹینڈ کے متعارف کرانے سے بی آر ٹی تک پہنچنے کے لیے سائیکلنگ کو ایک ذریعہ بنایا جاسکتا ہے)۔ ایسے ڈیزائن کی تخلیق سے علاقہ کو زیادہ ماحول دوست، قابل رہائش اور محفوظ جگہ بنایا جاسکتا ہے اور اسے شہر کے دیگر علاقوں کے لیے ایک مناسب مثالی نمونہ بنایا جاسکتا ہے جسے وہ اپنا سکتے ہیں۔

کراچی یونیورسٹی اسٹیشن

عام طور پر کسی بھی ذریعہ نقل حمل کے طریقہ مثلاً بی آر ٹی، ایل آر ٹی یا میٹرو وغیرہ میں یہ عام رجحان پایا جاتا ہے کہ ان روٹس کو ایسے ڈیزائن کیا جائے کہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے اہم تعلیمی اداروں کے قریب سے گذریں کیونکہ ان روٹس کو استعمال کرنے والوں کی اکثریت ان تعلیمی اداروں کے طلبہ پر مشتمل ہوتی ہے۔ ہمارے معاملے میں سرخ لائن روٹ کراچی یونیورسٹی کیمپس کے اندر سے نہیں گذرتا لیکن یہ طلبہ کو یونیورسٹی تک جانے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ کراچی یونیورسٹی میں شعبہ جات تک جانے کے لیے کسی بھی قسم کی کوئی شٹل سروس موجود نہیں ہے لہٰذا پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرنے والے طلبہ کی بڑی اکثریت شدید گرمی اور دھوپ میں اپنے شعبہ جات تک پہنچنے کے لیے طویل فاصلہ پیدل طے کرنے پر مجبور ہیں جبکہ کراچی یونیورسٹی کی انتظامیہ اسے کوئی مسئلہ یہ نہیں سمجھتی۔ لیکن شہری سی بی ای کے لیے یہ ایک سنگین مسئلہ ہے۔ اب بی آر ٹی گرین کیمپس کے مرکزی گیٹ تک منسلک کرنے کے احکامات دیئے گئے۔ بی آر ٹی اسٹیشن پر اترنے والے طلبہ کو ایک شٹل بس سروس کے ذریعہ آرام سے اور وقت پر ان کے شعبوں تک پہنچایا جائے گا۔

کورونا ـــ ایک جگانے والی آواز

دانش آذر زوبی



ہم میں سے کچھ کورونا وائرس وبا کے پھیلنے سے خوفزدہ ہیں۔ روزانہ کی بنیاد پر کورونا وائرس متاثر مریضوں کی تعداد میں بڑھتے ہوئے اضافے اور بڑھتی ہوئی اموات نے لوگوں میں ہسٹیریا کی کیفیت پیدا کردی ہے۔ پوری دنیا میں لوگ عمر، ذات پات، مذہب، نسل، رنگ یا دولت کے لحاظ کے بغیر کورونا وائرس وبا کا شکار بن رہے ہیں۔ لیکن کچھ لوگ ایسے ہیں جو کورونا وائرس کی وباء کو قدرت کی خصوصی قسم کی نعمت کی حیثیت سے دیکھتے ہیں۔ اچانک ہی دنیا ایک خاموش اور پرامن جگہ بن گئی ہے۔ کچھ کے خیال میں ہم کورونا وائرس وبا کے خطرے کو کمتر گردان رہے ہیں اور ان کے خیال میں یہ دنیا کے اختتام کی نشانی ہے کیونکہ روزانہ لوگ لاکھوں کی تعداد میں موت کا نوالہ بن رہے ہیں۔ لیکن وہیں کچھ لوگ ایسے ہیں جن کے خیال میں ہم ضرورت سے زیادہ خوفزدہ ہیں کیونکہ وباء سے صحت یاب ہونے والوں کی تعداد مرنے والوں کی تعداد سے کہیں زیادہ ہے۔ ہسپتالوں کے ایمرجنسی وارڈوں کا مشاہدہ کیجئے جہاں ہر روز سینکڑوں کی تعداد میں لوگ مر رہے ہیں اور ان اموات سے نظریں نہیں چرائی جاسکتیں۔ موٹر گاڑیوں کے حادثات میں ہر سال لاکھوں کی تعداد میں لوگ مرتے ہیں لیکن ہم خوفزدہ نہیں ہوتے، ہم اپنی کاروں سے محبت کرتے ہیں۔ کورونا وائرس کی وبا کے خوف کی وجہ سے لاکھوں گاڑیاں سڑکوں سے غائب ہیں اور پیداواری صنعتوں کی مشینوں نے کام کرنا بند کردیا ہے جس کے نتیجہ میں دنیا بھر میں آلودگی کی سطح تیزی سے کم ہوئی ہے۔ ہم نے اپنی ہیجان انگیز شہری زندگی میں وقفہ کے بارے میں کبھی تصور بھی نہیں کیا تھا، کبھی بھی سنسان شہری گلیوں کا تصور نہیں کیا ہوگا۔ ڈرامائی طور پر ہوا کے معیار میں بہتری آگئی ہے، پرندے خوش ہیں اور چہچہا رہے ہیں۔ قدرت مسکرا رہی ہے۔ خاندان اہمیت اختیار کرگیا ہے۔ جی ہاں لاک ڈاؤن اس مصنوعی، تیز رفتار اور ضرورت سے زیادہ بوجھ پر مشتمل زندگی میں ایک بڑا مسئلہ ہے اس ہیجان انگیز زندگی کو خود ہم نے اپنے لیے تخلیق کیا ہے خصوصاً مغربی دنیا کی حالت ہر روز خراب تر ہوتی جا رہی ہے۔ کورونا وائرس لاک ڈاؤن نے ہمیں اپنے آپ کو مصروف رکھنے کے نئے راستے تلاش کرنے کے

لیے بھر پور وقت فراہم کر دیا ہے۔ مختلف مشاغل میں مصروف ہو جائیے، گھر کا کاٹ کباڑ صاف کیجئے، کھانا پکائیے اور گھر کی چیزوں کی از سر نو آرائش کیجیے، لیکن ہم میں سے زیادہ تر نے خود کو انٹرنیٹ کی دنیا سے نتھی کر لیا ہے۔ اس سے بے شک ہم اپنے آپ کو دنیا کے معاملات سے باخبر رکھتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہم اسکرین پر کورونا وائرس وبا اور اس کے علاج سے متعلق بھی خبریں، افواہیں دیکھتے ہیں۔ میں زیادہ تر معلومات کے اس سیلاب کو ایک طرف کر دیتا ہوں لیکن پھر میں اپنی پسند کے دو آرٹیکل منتخب کرتا ہوں اور ان کو پڑھ کر اپنی رائے کو آخری شکل دیتا ہوں۔

پہلا آرٹیکل جس نے میری توجہ اپنی جانب مبذول کی وہ سرحد پار سے آنے والی ایک خوبصورت اور متعدل آواز ارون دھتی رائے کا تحریر کردہ ہے۔ ان کا خیال ہے کہ یہ کورونا وائرس وبا ایک دنیا سے اگلی دنیا میں داخل ہونے کا دروازہ ہے۔ یہ ہماری پسند پر منحصر ہے کہ آیا ہم ایسی دنیا میں رہنا چاہتے ہیں جہاں ناانصافی، نفرت، لالچ، خودغرض اور مردہ نظریات، ہمارے خشک اور سوکھے دریا اور دھواں آلود آسمان ہو یا پھر ہم اس دروزے سے آسانی کے ساتھ تھوڑا بوجھ اٹھائے ایک الگ دنیا میں داخل ہو سکتے ہیں۔ یہ ایک بہترین موقع ہے کہ ہم اپنی تخلیق کردہ مشینوں پر مشتمل دنیا کے بجائے ایک بہترین دنیا تخلیق کر سکتے ہیں۔ کیا ان کے ان خیالات سے انکار کیا جا سکتا ہے؟

دوسرا آرٹیکل ہمارے عظیم ماہر تعلیم، مفکر اور طبیعات کے پروفیسر پرویز ہود بھائی کا تحریر کردہ ہے۔ اپنے آرٹیکل میں انہوں نے ڈارون کو اس کے قدرتی انتخاب کے ارتقائی نظریہ کی وجہ سے ہیرو قرار دیا ہے۔ ڈارون کے اس نظریہ ارتقا نے دنیا کو سائنسی حقائق پر مبنی دنیا اور شدت پسند دقیانوسی خیالات کی حامل دنیا میں تقسیم کر دیا۔ انہی بوسیدہ خیالات کی دنیا کے سرکردہ رہنما، امام اب سائنسدانوں سے کورونا وبا سے نمٹنے کے لیے کام کی رفتار بڑھانے کی بھیک



مانگ رہے ہیں (حالانکہ یہاں ایک تقسیم موجود ہے اور وہ ہے تعلیم یافتہ اور ان پڑھ عوام کے درمیان موجود چھوت کا نظام)۔ انہیں عام طور پر روایتی، مذہبی یا مشرقی خیالات کی بیخ کنی کرنے والا سمجھا جاتا ہے۔ انہوں نے مشرق کی جڑی بوٹی عجوہ اور کلونجی کا مذاق اُڑایا ہے۔ یہ کہا جاتا ہے کہ یہ جڑی بوٹیاں بے شمار بیماریوں کے خلاف معجزاتی تاثیر رکھتی ہیں۔ انہوں نے دنیا کے جدید اور ترقی یافتہ حصے اور سائنسی دانشوروں کی مدح سرائی کی ہے کیونکہ ان کے خیال میں یہی وہ لوگ ہیں جو اس حالیہ وبا سے بچاؤ کے لیے ادویات اور ویکسین تیار کر سکتے ہیں۔ لیکن کیا یہ بوعلی سینا ہی نہیں تھا جس نے یہ تجویز پیش کی تھی کہ طاعون جیسی وبا کی صورتحال میں خود کو چالیس دن کے لیے تنہائی میں رکھنا چاہیے، حالانکہ وہ ایک مذہبی عالم اور روایت پسند تھے۔ جیسے بعد ازاں یورپ نے اپنایا اور اسے Quarantine کا نام دیا یہ ایک اطالوی لفظ ہے جس کا مطلب چالیس ہے۔ اس صدی کا قدیم روایتی طریقہ اس نام نہاد جدید دور میں ابھی تک استعمال کیا جا رہا ہے اور جس کے بڑے مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ کیا ہمیں بوعلی سینا کو سائنسدانوں کے درجے میں رکھنا چاہیے یا پھر انہیں قدامت پرست مولوی سمجھنا چاہیے۔ بسا اوقات مجھے پرویز ہود بھائی کے آرٹیکل میں محاذ آرائی کی کیفیت نظر آتی ہے۔ جس کی وجہ سے ہمارے یعنی مشرق، روایتی اور قدامت پرست اور اُن یعنی مغرب کی جدید، ترقی یافتہ سائنسی دنیا کے درمیان محاذ آرائی کی فضا پیدا ہوتی ہے۔

میں یہ سوچ کر ہی خوفزدہ ہو جاتا ہوں کہ یہ وہی چند مغرب کے منتخب کردہ سائنسدان تھے جنہوں نے حیاتیاتی جنگ (Biological War) کے لیے وائرس تخلیق کرنے کے لیے برسوں لگا دیئے۔ اور یہ کوئی راز کی بات نہیں ہے کہ جدید ادویات سے مستفید ہونے والے عام لوگ نہیں ہیں بلکہ بڑی ادویہ ساز کمپنیاں ہر سال اربوں ڈالر کما رہی ہیں۔ مغرب میں جن کے ہاتھ میں اقتدار اور طاقت رہی ہے انہوں نے اپنی بڑی سائنسی کامیابیوں کے ساتھ پورے شہروں کو تباہ کرنے میں کبھی کوئی شرم محسوس نہیں کی، ہیروشیما اور ناگاسا کی مثالیں ہمارے سامنے موجود ہیں جنہیں ایٹم بم گرا کر تباہ کر دیا گیا۔ یہ کوئی سازشی نظریات نہیں ہیں ہم سب کارپوریٹ کارٹیل، بڑی ٹیکنالوجی کی حامل کمپنیوں، ادویہ ساز کمپنیوں (Pharma) اور اسلحہ ساز صنعتوں کے بارے میں بخوبی آگاہ ہیں جو دنیا کی معیشت کو کنٹرول کرتی ہیں اور سوچتی ہیں کہ بنی نوع انسان کی آبادی بڑھتی رہتی ہے اور ان کی موت ایک بہت بڑا کاروبار ہے۔ یقیناً یہ ایک قدیم کہانی ہے کہ صرف چند طاقتور لوگوں کا انتخاب کیجئے جو فنا ہونے سے بچ جاتے ہیں جب کہ عام لوگ فنا ہو جاتے ہیں۔ ڈارون نے کبھی اس کے بارے میں تصور بھی نہیں کیا ہوگا کہ کیسے لفظ طاقتور درحقیقت ایک بہتر انتخاب

ہوسکتا تھا۔ یہ کوئی انسانی آنکھ کو نظر نہ آنے والی چیز جسم کی ساخت یا لحمیات نہیں ہے جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ کوئی زندگی کی قسم نہیں ہے جو اس بڑے مغز۔ ہوموسیپئن نوع کے لیے خطرہ ہے لیکن سیپئن کیسے اتنے ظالم اور خونخوار بن سکتے ہیں۔ ایسے ہی سیپئن اسلحہ سازی کی صنعت سے منسلک ہیں جو گذشتہ صدی سے بنی نوع انسان کی تباہی کے لیے تباہ کن ہتھیار بنا رہے ہیں اور یہ تباہ کن اور حیاتیاتی ہتھیار دنیا کی بڑی عالمی طاقتوں کی افواج کے پاس موجود ہیں جن سے دنیا کو کئی مرتبہ تباہ کیا جاسکتا ہے۔ کورونا وائرس اس حیاتی اسلحہ سازی کا تازہ ترین کارنامہ ہے جو خبروں کے مطابق مبینہ طور پر امریکی لیبارٹری سے چین میں ووہان لیبارٹری تک پہنچا۔ ان کے پاس ایسی خصوصی لیبارٹریاں ہیں جہاں ان وائرس کو زیادہ خطرناک بنایا جاتا ہے سائنسدان کڑی محنت کرتے ہیں اور بسا اوقات وہ بے وقوف بننے پر مجبور ہوتے ہیں۔

اب ہم واپس قدرت اور اس میں رہنے والی انواع کے ساتھ اس کے تعلق کی طرف آتے ہیں۔ صنعتی دور سے قبل انسان اور قدرت ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگ تھے اس وقت ماحولیاتی توازن برقرار تھا اور تمام حیاتیاتی انواع امن و سکون کے ساتھ رہتے تھے۔ پھر صنعتی انقلاب آیا، بھاپ کے انجن تیار ہوئے، نیوٹن اور ڈارون کی ارتقاء کے نظریات سامنے آئے، سائنس نے حیرت انگیز ترقی کی اور دنیا ناقابل یقین حد تک بدل گئی۔ بڑے پیمانے پر پیداوار، روزگار کے مواقع اور اصراف میں اضافہ ہوا۔ شہر گنجان ہوگئے۔ معدنی تیل کے استعمال کا زمانہ آیا اور زمین کے ذخائر کی تباہی شروع ہوگئی۔ ہم ترقی اور ترقیات کے جدید عہد میں داخل ہوگئے اور کنٹرول میڈیا کی مدد سے ہمارے ذہنوں کو صاف کر کے من پسند خیالات کی آماجگاہ بنادیا گیا۔ عوام صارفین کی لائن میں لگی بھیڑ کے سوا کچھ نہیں ہیں، قربانی کے بکرے ہیں جو ایک بے مصرف دوڑ میں لگے ہوئے ہیں جبکہ دنیا کا صرف ایک فیصد طبقہ تمام فوائد سے مستفید ہو رہا ہے، بقایا 99 فیصد عوام تکالیف جھیلنے پر مجبور ہیں۔ المیہ یہ ہے کہ جو اسلحہ ہم ایک دوسرے کو مارنے کے لیے بنا رہے ہیں بسا اوقات خود کار طور پر چل جاتا ہے۔ اس زمین پر انسان ایک طاعون کی وبا ہیں۔ ایک محدود سیارے پر لامحدود بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ ہماری اپنی بقاء خطرے میں پڑ گئی ہے۔

گذشتہ کئی سالوں سے باقاعدگی کے ساتھ قدرت ماحولیات بگاڑ کے خطرہ کی نشاندہی کر رہی ہے اور ہم سے مطالبہ کر رہی ہے کہ ماحولیات کو ٹھیک کرنے کے لیے ہم اپنے راستے تبدیل کریں۔ میرے خیال میں یہی وقت ہے کہ ہم ایک بار پھر قدرت کے ساتھ ہم آہنگ ہو جائیں۔ یہ ایک بہترین موقع ہے اس لیے میں اس کورونا وائرس وبا کو ایک جگانے والی آواز سمجھتا ہوں شاید بنی نوع انسان کو جگانے اور صفائی کا آپریشن کرنے اور دنیا کے لیے ایک نئی حکمت عملی تخلیق کرنے کے لیے آخری آواز ہے۔ چلئے پہلے ہم اپنے گھر کو ٹھیک کرتے ہیں اور چاند اور مریخ پر کالونیاں بسانے کی احمقانہ دوڑ کو ختم کرتے ہیں۔ نرم دیہاتی زمین سے شہروں کی سخت سڑکوں کی طرف ہجرت کو روکتے ہیں جو قتل گاہیں بن چکی ہیں شہروں میں دھرتی ماں کا دم گھٹتا ہے جب کہ وہ دیہاتوں میں سانس لیتی ہے۔ آیئے صارفین کے لیے لامحدود بڑھتی ہوئی مصنوعات کی پیداوار کا از سر نو جائزہ لیتے ہیں۔ آیئے ارون دھتی رائے کے تجویز کردہ دروازے سے الگ دنیا میں داخل ہونے کی کوشش کرتے ہیں، اپنی تیز رفتار زندگی کو دھیما کرتے ہیں اور قدرت کی طرف واپس لوٹتے ہیں۔ آیئے دعا کرتے ہیں کہ دروازے کے دوسری طرف کی قیادت لوگوں کی زندگیوں پر نفع حاصل کرنے کی خواہشمند نہ ہو اور زمین دوست ہو۔ بہت زیادہ نقصان ہو چکا ہے لیکن اب بھی ہم بہت کچھ ٹھیک کر سکتے ہیں اگر ہم احتیاط اور کوشش کریں۔ ہمیں قدرت کے راستوں کو اختیار کرنا ہوگا اور مہربان قدرت کے ساتھ خوشگوار زندگی گذارنا ہوگی۔



فریڈرک نومان فاؤنڈیشن (FNF) شراکت دار سمٹ 2020
حکمت عملی منصوبہ بندی

فریڈرک نومان فاؤنڈیشن پاکستان نے ایلیٹ ہوٹل نتھیا گلی میں 6 تا 8 دسمبر 2019ء کو ایک سہ روزہ 'ایف این ایف شراکت دار سمٹ 2020 حکمت عملی منصوبہ بندی' کا اہتمام کیا۔

ایف این ایف شراکت دار سمٹ 2020ء کے لیے حکمت عملی منصوبہ بندی کو یقینی بنانے کے لیے منعقد کی گئی۔ جس میں ایف این ایف کے مقاصد اور حکومت کی طرف سے مقرر کردہ اہداف دونوں کو پورا کرنے کے لیے حکمت عملی منصوبہ بندی پر غور کیا گیا۔

ایف این ایف کے شراکت دار اس سمٹ میں شرکت کے لیے اکٹھا ہوئے اور انہوں نے اس امر پر بحث کی کہ کیسے وہ اجتماعی طور پر نہ صرف 2020 کے لیے ایک جامع اور مؤثر سرگرمیوں کا پلان ترتیب دے سکتے ہیں بلکہ آئندہ پانچ سالوں کے لیے بھی حکمت عملی مرتب کر سکتے ہیں۔ مقاصد، مشن اور نظریہ کو سمجھنے کے لیے تمام شراکت داروں کے لیے یہ ایک شاندار موقع تھا۔ اور اس کی وجہ سے تمام شراکت داروں کو ایک مؤثر منصوبہ بندی مرتب کرنے کا موقع ملا۔

ایف این ایف پاکستان کی ریذیڈنٹ ڈائریکٹر برجیٹ لیم نے ایف این ایف شراکت دار سمٹ کا افتتاح کیا اور شرکاء سے خیر مقدمی خطاب کیا۔

ایف این ایف پاکستان اپنے اہداف تعلیم، مکالمہ اور مشاورت کے ذریعہ حاصل کرتا ہے۔

تعلیم: ایف این ایف اپنے شراکت داروں کو سیمینار، ورکشاپس اور دیگر تعلیمی سرگرمیوں کے لیے تربیت دیتا ہے۔

مکالمہ: ایف این ایف سیاست، سوسائٹی اور افراد اور گروہوں کے درمیان مکالمہ اور رابطے کی سہولت فراہم کرتا ہے تاکہ جدید طریقوں کو اپنایا جا سکے۔

مشاورت: ایف این ایف حکمت عملی اور آپریشنل مسائل کے بارے میں اپنے شراکت داروں سے مشاورت بھی کرتی ہے۔

یاسر مسعود آفاق شراکت دار سمٹ کے مرکزی میرِ مجلس (Moderator) تھے۔

شراکت دار سمٹ میں سات شراکت دار تنظیموں نے شرکت کی

1۔ انسانی حقوق کی تنظیم برائے پاکستان۔ (1990ء سے ایف این ایف کے شراکت دار ہیں)۔

2۔ شہری۔ سی بی ای (1990 سے ایف این ایف کے شراکت دار ہیں)۔

3۔ مرکز برائے امن اور ترقیات کے اقدام (2010 سے ایف این ایف کے شراکت دار ہیں)۔

4۔ منفرد زمین (Individual Land)۔ (2010 سے ایف این ایف کے شراکت دار ہیں)۔

5۔ اسکول آف لیڈر شپ (2011 سے ایف این ایف کے شراکت دار ہیں)۔

6۔ پالیسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ آف مارکیٹ اکنامی (PRIME)۔ (2013 سے ایف این ایف کے شراکت دار ہیں)۔

7۔ ڈیجیٹل رائٹس فاؤنڈیشن (DRF)۔ (2016 سے ایف این ایف کے شراکت دار ہیں)۔

ہر شراکت دار تنظیم سے ان کے کام، اہداف اور کامیابیوں کے بارے میں مختصر تفصیل پیش کرنے کے لیے کہا گیا مزید برآں انہیں 2020 کے لیے اپنے خیالات پیش کرنے کے لیے بھی کہا گیا۔

شہری۔ سی بی ای کی نمائندگی سرور خالد اور ریحان اشرف کے ہمراہ شہری۔ سی بی ای کے چیئر پرسن سمیر حامد ڈوڈھی نے کی۔

سمیر حامد ڈوڈھی نے شہری۔ سی بی ای کی کامیابیوں کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ شہری۔ سی بی ای عوامی پارکوں کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔ دیگر شہروں کے لوگ بھی شہری سی بی ای سے رجوع کرتے ہیں اور ہم انہیں مشورہ دیتے ہیں کہ عوامی جگہوں کے تحفظ کے لیے کیسے قانون کا سہارا لینا چاہیے۔

عامر اعجاز ایگزیکیٹو ڈائریکٹر سی پی ڈی آئی، منظور احمد ایگزیکیٹو رکن PRIME انسٹی ٹیوٹ، جنت فضل ڈیجیٹل رائٹس پاکستان، ایچ آر سی پی کے طاہر حبیب، اسکول آف لیڈر شپ کی مریم عرفان، Individual Land کے فرحان خالد نے بھی اپنی تنظیموں کی کارکردگی اور کامیابیوں کے بارے میں شرکا کو آگاہ کیا۔

FNF PARTNERS SUMMIT: 2020 STRATEGIC PLANNING
6TH - 8TH DECEMBER 2019, HOTEL ELITES NATHIAGALI

Dr. Manzoor Ahmed (PRIME), Mr. Amer Ejaz (CPDI), Mr. Ahmed Muktar Ali (CPDI), Ms. Beenish Javed & Arooj Kamran (PRIME)

Mr. Yasir Masood Afaq(Moderator), Ms. Birgit Lamm (Country Head FNF Pakistan), Mr. Mohammad Anwar & Aamir Amjad (FNF Pakistan)

Ms. Mariyam Irfan (SOL), Mr. Sameer H.Dodhy (Chairperson Shehri-CBE) & Zehra Tehreem (SOL)

Ms. Huma Umer, Ms. Tahira Habib (HRCP), Ms. Saadia Mumtaz (FNF) & Ms. Jannat Fazal (DRF)

Group Photo

Group Photo

شہری۔شہری برائے بہتر ماحول ـــ ایک تعارف

شہری۔سی بی ای (شہری برائے بہتر ماحول) کراچی میں قائم ایک رضا کارانہ تائیدی گروہ ہے جسے حساس اور ہمدرد شہریوں نے 1988ء میں قدرتی ماحول کی تباہی اور اسے دوبارہ تعمیر کرنے کے متعلق اپنے خدشات اجاگر کرنے کے لیے قائم کیا تھا۔

شہری غیرقانونی تعمیرات درجہ بندی کی خلاف ورزیوں اوران سے متعلق علامات مثلاً گندے پانی کی نکاسی، ناجائز تجاوزات، پارکنگ اور انفرااسٹرکچر، سے نمٹنے پر خصوصی زور دیتا ہے۔ شہری۔ سی بی ای باقاعدہ اداروں اور حکومتی ایجنسیوں کی نگرانی کرتا ہے اور سول سوسائٹی کی ایسا ہی کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

کامیابیاں

سندھ سینئر سٹیزن ویلفیئر بل 2014ء کی منظوری، کلفٹن روڈ کی اعلان کردہ سڑک چوڑی کرنے کی جگہ پر گلاس ٹاور کی غیرقانونی تجاوزات کا انہدام۔

منگھو پیر روڈ پر گٹر باغیچہ کی 480 ایکڑ اراضی کا تحفظ۔ یہ لیاری کے کم آمدنی والے گنجان آباد علاقے کی، جس میں تقریباً دس لاکھ افراد رہائش پذیر ہیں، سب سے بڑی کھلی تفریحی جگہ ہے۔

کراچی کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی یونین میں کڈنی ہل پارک کی 62 ایکڑ اراضی بشمول کے ڈبلیو ایس بی کی اعلان کردہ تنصیبات کی 18 ایکڑ اراضی کا تحفظ۔

کراچی بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (کے بی سی اے) کی نگران کمیٹی اور ایک عوامی معلوماتی کاؤنٹر کا قیام۔

کراچی اور سندھ میں کراچی ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے 11 اور سندھ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے 15 بس ڈپوؤں کی کمرشلائزیشن اور فروخت کو رکوانا۔ آج کل یہ پلاٹ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی بین الشہر بسوں کے اڈّے اور ٹرانسپورٹ سے متعلق دیگر سرگرمیوں کے لیے استعمال کررہی ہے۔

لائنز ایریا کراچی میں کھیل کے میدان (میکرو) ویب گراؤنڈ کا تحفظ۔

باغ ابنِ قاسم کلفٹن کے رفاہی پلاٹ میں کوسٹالینا اپارٹمنٹ کے ڈھانچے کا انہدام۔ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی نے اب یہاں ایک پارک بنا دیا ہے۔

لاہور میں ڈونگی گراؤنڈ پارک/کھیل کا میدان کی کمرشلائزیشن کی روک تھام۔

لاہور بچاؤ تحریک کے ایک حصے کے طور پر کینال بینک توسیع منصوبے سے ہونے والے نقصان کی مقدار کو کم کرنا۔

کوئٹہ میں زلزلے کے جھٹکے سے بچاؤ کے تعمیراتی قانون کی دوبارہ توثیق۔

شہری۔ پولیس باہمی عمل میں شراکت، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور پولیس اصلاحات پر پاکستان بھر سے تقریباً 1600 پولیس اہلکاروں کی تربیت۔

گزشتہ سالوں میں مسلّمہ ماحولیاتی خلاف ورزیوں سے متعلق مقدمات میں شہری کی ماہرانہ خدمات کو اعلیٰ عدالتوں نے تسلیم کیا ہے اور اسے (aimicus curiae) 'عدالت کا دوست' کے خطاب سے نوازا ہے۔

اہداف/ مقاصد

ایک آگاہ اور باعمل سول سوسائٹی، اچھی حکمرانی، شفافیت اور قانون کی حکمرانی کا قیام۔

سرکاری پالیسیوں کے اثر اور ان پر تحقیق، دستاویزی بنانے اور مکالمہ کرنے کو بڑھاوا دینا۔

ایک مؤثر اور نمائندہ مقامی حکومت کے نظام کو مستحکم کرنا۔

کرچی شہر کے لیے ایک نمائندہ ماسٹر پلان/زوننگ پلان کی تیاری اوران پر مؤثر عملدرآمد۔

معاشرے میں بنیادی انسانی حقوق کی پابندی۔

شہری کیسے کام کرتا ہے؟

ایک رضا کارانہ انتظامی کمیٹی جسے جنرل باڈی کے ذریعے ایک دوسالہ مدت کے لیے منتخب کیا جاتا ہے، جو کھلے اور جمہوری اصولوں پر انتظامی امور کی انجام دہی کرتی ہے۔ رکنیت (ممبرشپ) ہر خاص و عام کے لیے کھلی ہیں جو شہری کے اہداف اور اغراض ومقاصد اور یادداشت (میمورنڈم) سے متفق ہیں۔

شہری کے لیے رضا کاروں کی ضرورت ہے

شہری کے مختلف منصوبے ذیل میں درج چھ ذیلی کمیٹیوں کی وساطت سے چلائے جاتے ہیں۔

- قانونی معاملات/ امور
- میڈیا اور بیرونی روابط
- دس لاکھ درختوں کی شجرکاری مہم
- ثقافتی ورثہ کا تحفظ اور بحالی
- مالی حصول
- اسلحہ سے پاک معاشرہ

شہری کی رکنیت

2020ء کے لیے اپنی رکنیت کی تجدید کروانا نہ بھولیں۔

''شہری۔سی بی ای'' میں شرکت کریں اور بطور اچھے شہری اس شہر کو صاف رکھنے، صحت بخش اور ماحول دوست مقام بنانے کے لیے مدد کریں۔

شہری میں شمولیت اختیار کیجئے

ایک بہتر ماحول کی تخلیق کے لیے

مبلغ -/2000 روپے کے کراس چیک کے تحت

(سالانہ ممبرشپ فیس)

بنام شہری۔سی بی ای بمع پاسپورٹ سائز فوٹو

پتہ: R-88، بلاک 2، پی ای سی ایچ ایس، کراچی۔ 75400

ٹیلیفون/فیکس 92-21-3453-0646

نام ______________________

ٹیلی فون (گھر) ______________________

ٹیلی فون (دفتر) ______________________

ایڈریس ______________________

پیشہ ______________________